
# مدنی مذاکرے کے

## تنظیمی و دیگر مدنی پھول



(ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ)

| 26 ستمبر 2014ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | یکم ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ |
|---|---|---|

(1)......اسلامی بہنیں مرغی ذبح کرنے اور اسکا گوشت بنانا سیکھ لیں اور گھر میں خود اس کی ترکیب بنایا کریں تو مدینہ مدینہ۔

(2)......اگر جینے کی خواہش ہے تو پہچان پیدا کر۔

(3)......جانور بد دعا دے تو قبول ہے۔

(4)......رضائے الٰہی کے لیے کم کھانا چاہیے، البتہ اتنا کم نہ کھائیں کہ عبادت میں مشکل ہو جائے۔

(5)......رضائے الٰہی کے لیے کم کھانے والے مزاروں میں چلے گئے، بازاروں میں نہیں ملیں گے۔

(6)......کسی بزرگ کا قول ہے: جو چیز مہنگی ہو جائے اس کو خریدنا چھوڑ دو، وہ سستی ہو جائے گی۔

(7)......توبہ کرنے کے بعد بغیر ضرورت ہرگز اپنے گناہ بیان نہ کریں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(8)......شریعت حضور صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے اقوال اور طریقت آپ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے افعال کا نام ہے۔ (از۔فتاویٰ رضویہ ۲۱/۴۶۰)

(9)......کُتب تصنیف کرنا آسان کام نہیں جو اِس کا اہل ہو اُسی کو یہ کام کرنا چاہئے۔

(10)......دعوتِ اسلامی سے تعویذات سیکھ کر اگر کوئی اپنا آستانہ بنالے تو یہ دعوتِ اسلامی سے بے وفائی ہے۔

(11)......اچھے دوست کو پہچاننے کیلئے اُس کے ساتھ سفر کریں یا کوئی معاملہ مثلاً خرید وفروخت وغیرہ کریں۔

(12)......مُسلمان اس طرح دعا نہ کرے: یا **اللہ**! مجھے ایمان کی دولت عطا فرما بلکہ یوں دعا کرے: یا **اللہ**! میرے ایمان کی حفاظت فرما۔

| 27 ستمبر 2014ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۲ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ |
|---|---|---|

www.dawateislami.net

(1)......مدنی مذاکرے کے لیے سوال بنائیں تو ہمیشہ سچا ہی بنائیں۔

(2)......مطالعہ کس کتاب کا کرنا چاہیے، اس کا شعور ہونا چاہیے۔

(3)......جو ذمہ داران باقاعدگی سے مدنی مذاکرے سنتے ہوں گے، انہیں معلومات کا خزانہ حاصل ہوتا ہے۔

(4)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ زائرینِ مدینہ کے لیے مجلس مدنی تحریک برائے عباداتِ حرمین (حرمین شریفین میں عبادت کرنے کی تحریک) بنائی ہے اس کے 19 مدنی پھول بنائے ہیں۔

(5)......جو مکے مدینے میں گونگا، بہرا اور اندھے کے طرح بن کر رہے تو تمام گناہوں سے بچ سکے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل

(6)......حرمین طیبین میں بھی اپنے اوقات حتی الامکان مدنی انعامات کے مطابق گزاریئے۔

(7)......ولی کے قرب میں دعا قبول ہوتی ہے۔

(8)...... ہر نیک آدمی ولی نہیں ہوتا لیکن ہر ولی نیک ہوتا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(9)......سب اسلامی بھائی ہفتہ وار اجتماع کے بعد رات اعتکاف کی ترکیب فرمایا کریں۔

(10)......اپنے اندر احساسِ ذمہ داری پیدا کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 ستمبر 2014ء |

(1)......جانور پر ظلم کرنا مسلمان پر ظلم کرنے سے سخت ہے۔

(2)......مظلوم کافر اور مظلوم جانور کی بددعا قبول ہوتی ہے۔

(3)......مدنی منے اور منیاں بھی کھالیں جمع کر سکتے ہیں کہ اپنی امی ابو، دیگر رشتے داروں اور محلے والوں سے ترکیب بنائیں۔

(4)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی لاکھوں کے دلوں میں اتر گئی ہے، کئی غلط رسوم کی اصلاح ہوئی ہے۔

www.dawateislami.net

(5)......دس بیبیوں کی کہانی جھوٹی ہے اس کی جگہ سورہ یٰسین پڑھیں۔

(6)......جب تک ہم نے ''الفاظ'' نہ بولے ،ہمارے ہیں، جب نکل گئے تو دوسروں کے ہوگئے، وہ جو چاہیں کریں۔

(7)......کچھ افراد پر مشتمل ایسا گروپ جس کے سپرد کوئی کام کیا جائے، اسے کمیٹی کہا جاتا ہے، دعوتِ اسلامی کی اصطلاح میں اسے ''مجلس'' کہا جاتا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(8)......تمام اسلامی بھائی ''بُغض وکینہ'' کتاب گھنٹوں میں پڑھنے کی نیت اور کوشش کریں۔

(9)......ظالم سے بُغض وکینہ رکھنا جائز ہے جبکہ بدمذہب اور کافر سے بُغض وکینہ رکھنا واجب ہے۔

(10)......بُغض وکینہ کے علاج میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بے جا سوچنا چھوڑ دیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 29 ستمبر 2014ء |

(1)......سب سے پہلے شیطان نے جھوٹ بولا ۔اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ ہم اس شیطانی کام سے بچیں گے ۔جھوٹ کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔

(2)......جو دِین کے لیے وقف ہونا چاہتا ہے، دعوتِ اسلامی کی مدنی تربیت گاہ سے رابطہ کرے۔

(3)......دین کا کام کرنا ہے تو خدمتِ دین کا ارادہ مستحکم اور مضبوط کیجئے اور اس کے لیے عملی اقدام بھی کیجئے۔

(4)......پھل دار درخت کے نیچے کھڑے ہوکر پھل کھانے کا ارادہ کافی نہیں بلکہ درخت سے پھل توڑنا، کھانے کے تقاضے پورے کرتے ہوئے منہ میں ڈالنا ضروری ہے۔

(5)......کام فقط ''چاہنے'' سے نہیں ''کرنے'' سے ہوتا ہے۔

(6)......کاش حج کرنے والے ''حاجی'' کہلانے کی نیت سے نہیں بلکہ رضائے الٰہی کے لیے حاجی بنیں۔

(7)...... اللہ نصیب کرے ہم خوشدلی کے ساتھ عبادت میں مصروف رہیں۔

www.dawateislami.net

(8)......جتنی تعداد میں ہو سکے ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن رسالہ ''بیٹا ہو تو ایسا'' تقسیم کرے۔

(9)......بھوت پری کی کہانیاں بچوں کو بُزدل (ڈرپوک) بناتی ہیں۔

(10)......صحابہ کرام اپنے بچوں کو بہادری کی تربیت دیا کرتے تھے۔

(11)......ہمارے بچے شیر کی طرح بہادر ہونے چاہیں۔

(12)......دعا کے آخر میں **اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کہا جاتا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ جو دعا ہم نے کی ہے یا **اللہ**! اپنے نبیِ اَمین صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے اونچے مرتبے کے وسیلے سے قبول فرما۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(13)......بُغض و کینہ باطنی مرض ہے اور اِس کے بارے معلومات حاصل کرنا فرض علوم میں سے ہے۔

(14)......10، 11، 12 اور 13 ذُوالحجۃ الحرام اور یکم شوال (یعنی میٹھی عید کے دِن) کو روزہ رکھنا ناجائز و گناہ ہے۔

(15)......**اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا کرتے رہیں کہ یا اللہ عزوجل ہمیں بُغض و کینہ سے محفوظ فرما۔

(16)......مدنی کام کرتے رہیں اس میں ماہر ہو جائیں گے، کام کو کام سِکھاتا ہے۔

(17)......مفتی بننے کیلئے دیگر لوازمات کے ساتھ نجی مطالعہ بھی ضروری ہے۔

# مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۵ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 30 ستمبر 2014ء |

(1)......بیرونِ ملک کے اسلامی بھائیوں کے لیے عیدُ الاَضحیٰ کے اَیام میں مَدنی قافلے میں سفر کرنا آسان ہے۔

(2)......اپنے مُلک کو بنانا، مُلک سے وَفاداری ہے اور سیاسی مَفادات کے لیے بگاڑنا نہ عَقلمَندی ہے نہ وَفاداری۔

(3)......سب مل کر مُلک کی تعمیر اور مسجد بھرو تحریک میں ہمارا ساتھ دیں۔

(4)......ہمارا بچّہ بچّہ نمازی بن گیا تو مُلک بھی خوشحال ہو جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

(5)......ہم بھرپور کوشش سے اجتماعات میں کثیر اسلامی بھائی جمع کر لیتے ہیں، اگر سنجیدہ ہو جائیں تو قربانی کی کھالیں بھی کثیر جمع کر سکتے ہیں۔

(6)......قربانی کی کھالیں جمع کرنے میں خوب کوشش کریں، ابھی ہم نے بہت جامعات اور مَدارِس بنانے ہیں۔

(7)......طولِ اَمَل (لمبی امیدوں) کی بہت مَذَمَّت ہے۔

(8)......واجب قربانی ادا کرنے کے بعد سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے لیے قربانی کرنا سَعادت مندوں کا حصّہ ہے۔ منڈی کا سب سے بہترین جانور سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے قدموں پر نثار کیا جائے۔

(9)......اچھی نیّت بذاتِ خود ایک نیکی ہے۔

(10)......جس نے کسی کے احسان کرنے پر جَزَاکَ اللہ خَیْرًا کہا تو اس نے مکمل شکر ادا کیا۔

(11)......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''ضیائے صدقات'' بہت پیاری ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 1 اکتوبر 2014ء |

(1)......دُرُود و سلام ہم اہلِ سنّت کی پہچان ہے، تمام اسلامی مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''ضیائے دُرُود وسلام'' کا مطالعہ کریں۔

(2)......بقر عید کے دن سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کھانے کا آغاز قربانی کی کلیجی سے فرماتے۔

(3)......ہر سُنّت عظمت والی ہے۔

(4)......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کی ساری زندگی اللہ تعالٰی کے دین کے لیے وَقف تھی۔

(5)......یہ کہنا مناسب نہیں کہ ''فُلاں ذِمّہ دار میرا فون نہیں اُٹھاتا'' بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ ''میرا فون ریسیو

www.dawateislami.net

(Receive)نہیں ہوا۔"

(6)......مَدَنی کام "قربانی" دینے سے ہوتا ہے۔

(7)......جو طَلَبہ رَمَضان میں مَدَنی عَطیات اور ذُوالحجہ میں قربانی کی کھالیں جمع کرتے ہیں وہ ان طَلَبہ پر اِنفرادی کوشش کریں جو یہ مدنی کام نہیں کرتے۔

(8)......قطرہ قطرہ مل کر دریا بنتا ہے، یہ قطرے دریا سے جدا ہو جائیں تو وہ خشک ہو جاتا ہے۔

(9)......علماء کی خِدمت ہمارے لیے سعادت ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مُذاکرہ

(10)......پیر حفاظتِ ایمان کا ذَریعہ ہے۔

(11)...... پیر کامل بغیر کسی عِوض کے رُشد و ہدایت (مَدَنی تربیت) کرتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 اکتوبر 2014ء |

(1)...... مجھے غریبوں سے مَحبَّت ہے، کیونکہ میں نے غُربت دیکھی ہے۔

(2)......اولیائے کرام رَحِمَہُمُ اللہُ السّلام کو جو اعلیٰ دَرَجات ملے ہیں اس میں نَماز (عبادت) کا اہم عمل دخل ہے۔

(3)......امام مالک رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کے مُقَلِّدین بھی عاشقِ رسول ہوتے ہیں۔

(4)......کاش ہمیں اِصلاحِ اُمّت کا دَرْد نصیب ہو جائے۔

(5)......جو حُسنِ نیّت سے مَدَنی کام کرے گا، ثواب پائے گا۔ ان شاءاللہ عزوجل

(6)......میں بار بار آپ کو علمائے کرام کے قدموں میں بھیجتا ہوں، ان سے رہنمائی لیں، جتنا وہ شریعت جانتے ہیں عوام نہیں جانتے۔

(7)...... مجھے بلوغت سے پہلے شَرعی مسائل دریافت کرنے کا شوق تھا۔

(8)......میں نے شَرعی مسائل کو بار بار پڑھا ہے۔

(9)......مَدَنی مذاکرے میں ضَرور شرکت کیا کریں، میں ان میں اپنی زندگی کا نچوڑ اور خُلاصہ بیان کرتا ہوں۔

www.dawateislami.net

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مذاکرہ

(10)......دورانِ مُطالعہ اہم مَدَنی پھولوں کو یاد رکھنے کے لیے اپنے ذاتی نُسخے پر انڈر لائن کرنے کی عادت بنائیں، نیز جو تعریفات ہوں ان کو الگ سے لکھ کر تین یا چار بار یاد کرنے کی کوشش کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ ذوالحجة الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 اکتوبر 2014ء |

(1)......میں مَدَنی قافلے والا ہوں مجھے مَدَنی قافلے سے پیار ہے۔

(2)......مَدَنی رَسائل سینے والی جیب میں ہی رکھا کریں۔ سائیڈ والی جیب میں رکھنے سے اِجتناب کریں۔

(3)......اسلامی بہنوں کو بھی قمیص اور مدنی برقع میں جیبیں بنانی چاہئیں، یا اللہ جو اسلامی بہنیں رِسالے وغیرہ رکھنے کی نیّت سے جیبیں بنائیں اُنھیں جنّت میں حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کا پڑوس نصیب فرما۔

(4)......جو اسلامی بھائی عید کے دنوں میں کھالیں جمع کریں اور بقِیّہ وقت مدنی قافلے کے جدوَل میں گزاریں گھر نہ جائیں تو ان کے یہ اَیام مَدَنی اِنعامات کے مطابق مدنی قافلے میں شمار کیے جائیں گے۔

(5)......حضرت مخدوم محمد ہاشم قادری ٹھٹوی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ بہت بڑے بُزُرگ اور مفتی تھے۔

(6)......مَدَنی مذاکرے میں معلومات اور اَخلاقی تربیت ہوتی ہے۔

(7)......عِلْمی شخصیت اور داڑھی عمامے والے کو زیادہ محتاط ہونا چاہیے، یہ سفید چادر کی مانند ہیں۔

(8)......سفید چادر پر کالا داغ زیادہ واضح نظر آتا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مذاکرہ

(9)......جامعةُ المدینة کے طَلَبہ باعمل بننے کے لیے مَدَنی ماحول میں رہتے ہوئے مَدَنی کام کریں، اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا تو اِستقامت بھی ملے گی اور باعمل بھی ہو جائیں گے۔ ان شاءاللہ عزوجل

(10)......محتاط سدا سکھی رہتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ ذوالحجة الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4 اکتوبر 2014ء |

(1)......اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں اپنے آپ کو ''کچھ سمجھنے'' سے بچائے اور عاجزی واِنکساری کا پیکر بنائے۔

www.dawateislami.net

| ۱۰ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء) | 5اکتوبر2014ء |
|---|---|---|

(1)......مریض کا بعض اشیاء سے پَرہیز کرنا خود حدیثِ پاک سے ثابت ہے۔

(2)......عیدالاضحیٰ پر گوشت کی فَراوانی ہونے کی وجہ سے نَفْس کا اِمتحان ہوتا ہے ایسے موقع پر بھی ڈر ڈر کر کھانا چاہئے۔

(3)......زیادہ گوشت کھانے کے نقصانات کی معلومات ہوں گی تو ڈر پیدا ہوگا۔

(4)......اسلامی بھائی ولیمے میں مَدَنی چینل یا مکتبۃُ المدینہ سے رِیلیز (Release) ہونے والی بیان کی وی سی ڈی لگانے کی ترکیب بنایا کریں۔

(5)......مَدَنی مذاکروں میں تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اوّل تا آخر شرکت کیا کریں، اس میں حسبِ حال سب کے لیے مَدَنی پھول ہوتے ہیں۔

(6)......مَدَنی مذاکروں میں کامیاب زندگی گزارنے کے طریقے بیان کئے جاتے ہیں۔

(7)......اپنے ہاتھ سے صرف اُسے لُقمے کھلانے چاہئیں جو عقیدت رکھتا ہو اور وہ اِس کا مُطالبہ بھی کرے۔ ہر ایک کو کھلانے کی ترکیب بنائیں گے تو بعض گِھن کریں گے اور بعض بور ہوں گے۔

| ۱۰ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عید) | 6اکتوبر2014ء |
|---|---|---|

(1)......قربانی کرتے وقت یہ ذہن بنائیں کہ آج حکمِ اِلٰہی پر میں اپنے جانور کی قربانی کر رہا ہوں، وقت آنے پر دِین کی خاطر اپنی جان دینے کیلئے بھی تیّار رہوں گا۔ ان شاءاللہ عزوجل

(2)......اپنے ہاتھ سے قربانی کرنا سُنّت ہے، جس سے ہو سکے وہ اِس سُنّت پر عمل کرے ورنہ کسی تجرِبہ کار گوشت فروش سے اپنا جانور ذَبح کروائیں۔

(3)......سُنّت میں عظمت ہے۔

(4)......ہمیں موت یاد کرکے بے چینی نہیں ہوتی، یہ ہماری غفلت کا نتیجہ ہے۔

(5)......جانور ذَبح کرتے وقت اپنی موت کو یاد کریں اور بالکل سنجیدہ ہو جائیں۔

www.dawateislami.net

(6)......خوف کی بات یہ ہے کہ ہمیں پتہ نہیں کہ مرتے وقت ہمارا اِیمان سلامت رہے گا یا نہیں؟

(7)......ذَبح ہوتے وقت جانور کو رَحم اور عِبرت کیلئے دیکھنا چاہیے۔

(8)......غفلت میں ڈالنے والے کاموں سے بچنے کی کوشش کریں۔

(9)......یادگار چیزوں کے ساتھ تاریخ اور اُس کے بارے میں کچھ معلومات لکھنا دِلچسپی کیلئے بہت مُفید ہے۔

(10)......امیرُ الْمُؤمِنین حضرتِ سیِّدُنا **فاروقِ اعظم** رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اَنگوٹھی پر یہ مُہر تھی: کَفٰی بِالْمَوْتِ وَاعِظًا یعنی موت نصیحت کیلئے کافی ہے۔

(11)......دعوتِ اسلامی ایک مَدَنی قبیلہ ہے جس میں اُردو، سندھی، پنجابی وغیرہ سب شامل ہیں۔

(12)......غریبوں سے ہمدردی کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (یومِ عید) | 7اکتوبر 2014ء |

(1)......**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی گرفت بہت سخت ہے جب وہ پکڑتا ہے تو پھر کوئی نہیں چُھڑا سکتا۔

(2)......تالیاں بجانا ناجائز و گناہ ہے۔

(3)...... وَلیمہ کرنے کا ثواب تب ملے گا جب سُنّت کی اَدائیگی کی نیّت ہو۔

(4)......معاشرے کی غلط رُسومات میں شامل ہو جانا مَردانگی نہیں بلکہ مَرد وہ ہے جو معاشرے کو اپنے پیچھے چلائے۔

(5)......**اللہ** عَزَّوَجَلَّ جس سے چاہتا ہے، اپنے دِین کا کام لے لیتا ہے۔

(6)......ہمیں اپنی ذِہنیت کو ''مَدَنی غُسل'' دینے کی ضرورت ہے۔

(7)...... بڑے جانوروں میں سے سب سے زیادہ غذائیت سے بھرپور اُونٹنی کا دُودھ ہوتا ہے۔

(8)......جانوروں کا حافظہ بہت کمزور ہوتا ہے اَلبتہ اپنے پر کیا ہوا ظُلم یاد رکھتے ہیں اور موقع پانے پر بدلہ بھی لیتے ہیں۔

(9)......**اللہ** تَعَالٰی نے ہم پر بےشمار اِحسانات کئے ہیں مگر بندہ بڑا ناشکرا ہے۔

(10)......مظلوم جانوروں کی بددُعا قبول ہوتی ہے۔

(11)......جس نے آج تک جانوروں پر کسی قسم کا بھی ظلم کیا ہو وہ سب توبہ کریں۔

(12)......اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے کی اِجازت نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (یومِ عید) | 8 اکتوبر 2014ء |

(1)......بچّوں کی شرارت پر والدہ کو چاہیے کہ ڈانٹنے کی بجائے فوراً سنجیدہ ہو جائے اور اپنا مُوڈ آف (Mood Off) کرلے۔

(2)...... ماں کو بچّے کے ابّو کے سامنے بچّے کی غلطیاں نہیں بتانی چاہئیں۔

(3)...... والدین کو اپنے بچّوں کو بددُعا نہیں دینی چاہیے۔

(4)...... ناخُن کو دانتوں سے کُترنا اور کھانا نہیں چاہیے۔

(5)...... جانوروں پر اپنا نام وغیرہ کچھ نہ لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱٦ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 11 اکتوبر 2014ء |

(1)......قیامت میں ذرّے ذرّے کا حساب ہوگا، ایک دانہ بھی ضائع نہ کریں۔

(2)......بِھنڈی (سبزی) کا سَر اور دُم نہ پھینکیں بلکہ کھالیں۔

(3)......کفایت شعاری اپنانا سیکھ لیں اور اگر ایک دِن کا کھانا بچ جائے تو پھینکنے کی بجائے دوسرے دِن کھالیں۔

(4)......آج کل کی مہنگائی میں ہمارا بھی عمل دخل ہے۔

(5)......دَسترخوان پر گرے ہوئے ذرّات اُٹھا کر کھالینے چاہئیں۔

(6)...... اللہ عَزَّوَجَلَّ جس کو توفیق دے اُسی کو کھانا آتا ہے مگر 99.9% لوگوں کو دُرست کھانا نہیں آتا۔

(7)......فوڈ پوائزن (Food Poison) کا ایک علاج یہ ہے کہ لیموں کے چار یا پانچ بیج چھلکے اُتار کر چبا کر کھالیں (کڑواہٹ دُور کرنے کیلئے پانی بھی پی سکتے ہیں) 15 سے 30 منٹ میں پیٹ میں گیس بھرنا شروع ہو جائے گی

پھر قے یا قضائے حاجت ہوگی اور کھانے کے زہریلے اَثرات نکل جائیں گے۔

(8)......گھر میں ایک وُضوخانہ بنوانا چاہئے۔

(9)......کاغذی لیموں اچھا ہوتا ہے اِس کی پہچان یہ ہے کہ اِس کا چھلکا کاغذ کی طرح پتلا ہوگا۔

(10)......کھانا سِلوَر کے برتن کی بجائے اِسٹیل کے برتن میں پکایا جائے۔

(11)......ہفتے میں کم اَز کم دو دِن مچھلی کھانا مُفید ہے۔

(12)......تمام اَراکینِ شوریٰ ہر مَدَنی مُذاکرے میں اسلامی بھائیوں کو اِکٹھا کر کے اِجتماعی صورت میں شرکت کریں اور مَدَنی چینل پر اپنی وِڈیو دکھائیں۔

(13)...... اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے نگرانِ شوریٰ کے بیانات سے کئی اسلامی بھائیوں کی زندگیوں میں مَدَنی انقلاب برپا ہوا ہے۔

(14)......بُزُرگوں سے نسبت رکھنے والی ہر شے ''تبرُّک'' ہے۔

(15)......صحابۂ کرام عَلَیۡہِمُ الرِّضۡوَان قرآنِ پاک کو تبرُّکاً چومتے تھے۔

(16)......گناہ نہ ہونے پر افسوس کرنا بھی گناہ ہے۔

(17)......والدین سے خدمت لینے کی بجائے اِن کی خدمت کریں۔

(18)......سوشل ویب سائٹس (Social Websites) و دیگر اپنے اکاؤنٹس سے اپنی فوٹو ختم کر کے اپنے حُبِّ جاہ کا خاتمہ کریں۔

(19)......حاجی شاہد (نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ) کو چل مدینہ کر دینا چاہئے کہ یہ مَدَنی مذاکرے میں باقاعدگی سے اسلامی بھائیوں کو اِکٹھا کر کے شرکت کرتے ہیں۔

(20)......حاجی عماد عاشقِ مَدَنی مذاکرہ ہیں۔

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مُذاکرہ

(21)......مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''شکر کے فضائل'' بہت دلچسپ ہے اِسے خریدیئے اور 7 دِن میں

پڑھنے کی کوشش کیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ شکر کا جذبہ بڑھے گا اور ایمان تازہ ہوگا۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 اکتوبر 2014ء |

(1)......مدنی قافلے میں سفر گویا حیوان کو اِنسان بنا دیتا ہے۔

(2)......اجتماع کے فضائل سے انکار نہیں کیا جا سکتا، لیکن مدنی قافلے کے اپنے فوائد ہیں۔

(3)......میں دعوتِ اسلامی میں سب سے پُرانا ہوں۔

(4)......جو دعوتِ اسلامی کے اندر ہے وہ ''ترو تازہ'' ہے۔

(5)......توبہ بہت بڑی نعمت ہے۔ معافی مانگنے سے ویلیو (Value) ڈاؤن (Down) نہیں اَپ (Up) ہوتی ہے۔

(6)......فی زمانہ ''مسکرانا'' بھی گویا مہنگا ہوگیا ہے۔

(7)......نئے اسلامی بھائیوں کو تعویذاتِ عطّاریہ حاصل کرنے کے لیے ہفتہ وار اجتماع کے بعد کا وقت دیں تاکہ وہ اجتماع میں بھی شرکت کرلیں۔

(8)......مجلسِ اِزدِیادِ حبّ محبتیں بڑھانے، نفرتیں اور فاصلے مٹانے کے لیے بنائی گئی ہے۔

(9)......یہ سمجھنا کہ ہم نے نفسِ امّارہ کو ماردیا ہے یہ بھی شیطان کا وار ہے، نفس بہت سخت جان ہے۔ ساری زندگی اس کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

(10)......فضول سے بچو تاکہ گناہ میں نہ پڑ جاؤ۔

(11)......مدنی کاموں کے حوالے سے ساری دنیا ہماری ہے۔

(12)......ہمارے معاشرے میں غیبت عام ہے لیکن جھوٹ اِس سے بھی زیادہ ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سچے محبوب صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے ہمیں سچا کردے۔ اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ و

www.dawateislami.net

سلَّم

(13)......سیّد الشہدا ء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قربانی کا وہ نقش بٹھایا کہ کوئی اسے مٹا نہیں سکا۔

(14)......کسی کو ''منوانا'' ہمارا کام نہیں ''سمجھانا'' کام ہے۔

(15)......پُرانے اسلامی بھائیوں کو مستقل دعوت دیتے رہیے۔

(16)......دعوتِ اسلامی کے مدنی کام میں تبدیلی مرکزی مجلسِ شوریٰ ہی لاسکتی ہے، دعوتِ اسلامی کا ہر کام شوریٰ کے تحت ہی ہوتا ہے اور ہوگا۔

(17)......ایک دفعہ کسی کو اجتماع میں لائیں تو جب تک مدنی ماحول سے وابستہ نہ ہو جائے اُس سے رابطہ نہ چھوڑیں۔

(18)......میں (یعنی باپا) نے تحریری کام کا آغاز آگرہ تاج میں کیا۔

(19)......اپنی نیکیوں پر اعتماد نہ کریں بلکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت پر نظر رکھیں۔

## طعام کورس (مدنی مذاکرہ) کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٢٤ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 19 اکتوبر 2014ء |

(1)...... جب کھانے کے لیے وضو کریں (یعنی دونوں ہاتھ گٹّوں تک اور منہ کا اگلا حصّہ دھوئیں اور کُلّی کریں) اور ہاتھوں پر میل ہو تو صابن بھی استعمال کریں۔

(2)......ٹیبل کرسی پر بیٹھ کر کھانے سے کئی سُنّتیں ترک ہو جاتی ہیں۔

(3)......کولڈ ڈرنک بہت نقصان دہ ہے۔

(4)......مہمان بعض اوقات میزبان سے کسی ایسی چیز لانے کا کہتا ہے، جو اس کے پاس نہیں ہوتی، جس سے میزبان شرمندہ اور مہمان کی عزت کم ہوتی ہے۔

(5)......مل کر کھانا کھاتے ہوئے ایسا انداز اختیار نہ کریں کہ دوسروں کو گھن آئے، مہذب سے مہذب ترین

www.dawateislami.net

انداز ہونا چاہیے۔

(6)......کھانے کے برتن ہر جگہ اچھی طرح صاف کریں، البتہ دھوکر پینے سے اس جگہ اجتناب کیا جائے، جہاں ملامت یا غیبت کا دروازہ کُھلنے کا اندیشہ ہو۔

(7)...... برگر اور سموسہ وغیرہ کُتر کر ہی کھایا جاتا ہے اس میں حرج نہیں۔

(8)......مٹی کے برتن میں کھانا ثواب کا کام ہے۔

# جامعات کے ناظمین کے تربیتی اجتماع میں آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 اکتوبر 2014ء |

(1)......ہمیں گفتگو محتاط انداز میں کرنی چاہیے۔

(2)......میرا پسندیدہ بلکہ منظورِ نظر ناظم وہ ہے جو مدنی کام کرنے والا ہو۔

(3)...... زلفیں رکھنا مجھے پسند ہے کیونکہ یہ میرے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّت ہے۔

(4)...... پہلے مُستحب چُھوٹتا ہے پھر سُنّت پھر واجب پھر فرض لٰہذا مُستحب ہی کو مضبوطی سے پکڑ لیں۔

(5)...... ہر اجیر یہ ذہن بنائے کہ تنخواہ لینا میری مجبوری ہے مگر مجھے دعوتِ اسلامی کا کام اللہ تعالیٰ کی رِضا کیلئے کرنا ہے۔

(6)...... رَنگ باتوں سے کم اور صحبت سے زیادہ چڑھتا ہے۔

(7)...... احیاءُ العلوم پڑھ کر اِحساس ہوتا ہے کہ ہم بظاہر نیک صورت تو بن گئے مگر ہم نیک نہیں۔

(8)...... ہر اسلامی بھائی مکتبۃ المدینہ کی احیاء العُلوم کی چاروں جلدیں پڑھے۔ عنقریب اِس کی پانچویں اور آخری جلد چھپ جائے گی۔

(9)...... 12 روزہ مدنی کورس انسان بنانے والا کورس ہے۔

www.dawateislami.net

(10)......ہر اسلامی بھائی مرنے سے پہلے 12 روزہ مدنی کورس ضرور کرلے، موت کا کچھ بھروسہ نہیں لہٰذا جلدی کیجئے۔

(11)......رکنِ شوریٰ، حاجی فضیل رضا عطاری قفلِ مدینہ کی عملی تصویر ہیں یہ بہت کم بولتے ہیں۔ان کے سفرِ حج میں اسلامی بھائیوں کی تربیت کے مختلف انداز دیکھ کر میں بہت خوش ہوں۔

(12)......نیکی کی دعوت دینے والے کا کردار و گفتار دونوں دُرست ہونے چاہئیں۔

(13)......مخلص شخص ہزار پردوں میں چُھپ کر بھی نیک کام کرے، اللہ عزوجل اُس کو لوگوں میں مشہور کردیتا ہے۔

(14)......میرے مرشد حضرت قطبِ مدینہ مولانا ضیاءالدین احمد مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عمرِ مبارک سو سال سے زائد ہونے کے باوجود اَکثر بال مبارک کالے تھے۔

(15)......خوفِ خدا کی ایک اہم علامت یہ ہے کہ بندہ اللہ عزوجل کی نافرمانیوں سے بچے۔

(16)......ملنسار سے لوگ محبت کرتے ہیں۔

(17)......موبائل فون کا مرض لاعلاج کینسر کی طرح بڑھتا جارہا ہے۔

(18)......خوش نصیب ہے وہ، جس کے عمل کو دیکھ کر لوگ کہیں کہ یہ اپنے پیر کی نقل کرتا ہے۔ (نگرانِ شوریٰ)

(19)......اُصول کسی بھی تحریک کے سر پر سجے تاج کے ہیرے ہوتے ہیں، اگر یہ اُصول ختم ہو جائیں تو صِرف اُس تحریک کا ڈھانچہ باقی رہ جاتا اور خوبصورتی ختم ہو جاتی ہے۔ (نگرانِ شوریٰ)

(20)......مجھے وہ اسلامی بھائی اچھا لگتا ہے، جو اَمیرِ اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے چہرے پر مُسکراہٹ لاتا ہے۔ (نگرانِ شوریٰ)

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21اکتوبر2014ء |

(1)......سوشل میڈیا میں اپنا اکاؤنٹ بنانے والے کا اپنے آپ کو گناہوں سے بچانا بہت مشکل ہے۔

(2)......اللہ تعالیٰ نے ہمیں اِس بات کا مکلّف نہیں بنایا کہ ہم گناہوں میں مبتلا ہوکر دوسروں کی اِصلاح کی کوشش کریں۔

(3)...... ناظمین اسلامی بھائی شیطان کے خلاف لڑنے والی فوج میں جرنیل کی طرح ہیں۔

(4)...... اپنا نام سرمایہ داروں میں لکھوانے کی بجائے قانعین (قناعت کرنے والوں) میں لکھوائیں۔

(5)...... ذہین طالب علم کی خواہش ہوتی ہے کہ میرے والدین مجھ سے میری پڑھائی کے بارے میں پوچھا کریں

(6)...... ناظمین واساتذہ اپنا یہ ہدف بنالیں کہ جس طالب علم نے بھی جامعۃ المدینہ میں داخلہ لیا ہے، وہ جامعہ نہ چھوڑے، اگر کوئی چھوڑنے کی کوشش کرے تو اس پر انفرادی کوشش کریں۔

(7)......اللہ عزوجل کے فضل وکرم سے دعوتِ اسلامی نے عوام کو عمامہ شریف باندھنے اور سُنّیت میں پختگی کا شعور دیا ہے۔

(8)......جمعۃ المبارک کے بیانات مکتبۃ المدینہ کی کُتب ورسائل سے کریں اور لوگوں کو نماز کے احکام وغیرہ سے نماز و وُضو سکھائیں۔

(9)...... بکرے کی کھالیں خریدیں اور اِس پر بیٹھنے کی ترکیب فرمائیں، اِس سے عاجزی پیدا ہوتی ہے۔

(10)......سفید چادر اوڑھنے سے چونکہ چہرے پر جاذبیت وخوبصورتی کے آثار بڑھتے اور زینت حاصل ہوتی ہے، لہٰذا اِس نیت سے چادر اوڑھیں کہ نماز کے لئے زینت حاصل کرتا ہوں۔

(11)......اگر سُفید چادر نماز میں خشوع وخضوع میں رکاوٹ بن رہی ہو تو اُتار دیں اور بعد میں پہن لیں۔

(12)......کم سِنی (چھوٹی عمر) ہی سے اپنے بچوں کو مدنی حُلیے اور مدنی ماحول کے بارے میں سمجھا دیں ورنہ اگر یہ بڑے ہوگئے تو پھر آپ سمجھا نہیں سکیں گے۔

www.dawateislami.net